109194-اگر خاوند اسلام قبول نہ کرے تو بیوی علیحدہ ہو جائے

سوال

اگر بیوی مسلمان ہو جائے اور خاوند اسلام قبول نہ کرے تو کیا بیوی کے لیے کافر خاوند سے علیحدگی اختیار کرنا واجب ہے، اور اگر بیوی علیحدہ ہونے سے انکار کر دے تو کیا حکم ہو گا؟

پسندیدہ جواب

"اگر بیوی مسلمان ہو جائے اور اس کا خاوند کافر ہو تو یہ نکاح فسخ ہو جاتا ہے، لیکن بیوی عدت پوری ہونے تک مہلت سے کام لے اگر دوران عدت خاوند اسلام قبول کر لے تو وہ اس کی بیوی ہے، اور اگر وہ اسلام قبول نہیں کرتا اور بیوی کی عدت گزر جائے تو جب سے وہ مسلمان ہوئی ہے اس وقت سے ہی اس کا نکاح فسخ ہو چکا ہے.

اور اگر خاوند بیوی کی عدت گزرنے کے بعد اسلام قبول کر لے تو کیا بیوی واپس جا سکتی ہے یا نہیں؟

اس مسئلہ میں علماء کرام کے دو قول ہیں، اور راجح یہی ہے کہ اگر بیوی موافقت کر لے تو وہ خاوند کے پاس واپس جا سکتی ہے، کیونکہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بیٹی کو اسلام لانے کے کئی برس بعد جب ابو العاص بن ربیع مسلمان ہوئے تو واپس کیا تھا"

اور اگر بیوی اس خاوند سے علیحدہ ہونے سے انکار کر دے تو ان دونوں کے درمیان عدالت کی جانب سے زبردستی علیحدگی کروائی جائیگی" انتہی

فضیلۃ الشیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ.